SSLC MODEL EXAMINATION, FEBRUARY - 2020

First Language, Paper I

URDU

(Model Answers/Answer Key)

Prepared by:

Faisal Vafa, HST Urdu, GHSS Chalissery, Palakkad - faisalvafa@gmail.com

1. ربیندر ناتھ ٹیگور

2. کسان

3. ساجن

4. b) سب بچّے تالیاں بجانے لگے۔

5. b) ـــ اپنی آزادی کو ہم ہرگز مٹا سکتے نہیں سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں

6. a) مچھیرا b) امرتا دیوی

7. a) نظم b) کہانی

8. a) شنکر نے گاؤں کے پروہت جی سے سوا سیر گیہوں ادھار لیا تھا۔

c) شنکر ایک سیدھا سادہ غریب کسان تھا۔

9. محنت مزدوری کی اس دنیا میں بہت بڑی اہمیت ہے۔ محنت مزدوری کے سوا دنیا کی چال چلن ناممکن ہے۔ لوگ مختلف مقامات پر محنت مزدوری کر رہے ہیں۔ اس لیے دنیا والوں کی زندگی میسّر بن جاتی ہے۔ محنت کش اور مزدور لوگ دنیا کی جان ہیں۔

10. a) یہ شعر ندؔا فاضلی کا لکھا ہوا ہے۔

b) مدر تریسا نے غریبوں اور دردمندوں کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی تھی۔ وہ بھوکے لوگوں کو کھلاتی تھی۔ وہ بیماروں کے علاج کے لیے آگے آتی تھی۔ وہ لاچاروں کا سہارا بن جاتی تھی۔...............

11. a) جودھپور کے راجا نے اپنے شاہی محل کو اور خوب صورت بنانے کا فیصلہ کیا۔

b) شاہی محل کو اور خوب صورت بنانے کا فیصلے کے مطابق راجا کے حکم پر اچھے قیمتی پیڑ اور لکڑیاں جمع کرنے کے لیے سپاہی لوگوں نے گاؤں کے کونے کونے میں گھوڑے دوڑے۔

12. ☆ گووند چاچا، آپ کیوں اتنا تندرست رہتے ہیں؟

☆ آپ کتنے سال سے کھیتی کر رہے ہیں؟

☆ آپ کیوں کلکتہ جانا نہیں چاہتے ہیں؟

13. ہمارا دیس ہندوستان دنیا کا بہت اچھا ملک ہے۔ یہاں لوگ آپس میں مل جل کر بھائی چارگی کے ساتھ رہتے تھے۔ یہ ملک دنیا کا سب سے بڑا جمہوری وطن ہے۔........

14. یوگا ہمارے جسم اور دماغ کو اچھی ورزش ہوتی ہے۔ یوگا کرنے سے جسم اور دماغ کو متوازن رکھ سکتے ہیں۔ یوگا کرنے والوں کے جسمانی خرابیاں اور اکثر بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ یوگا سے دماغی حالات کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔........

15. a) تاج محل اور لال قلعہ

b) لال قلعہ ہندوستان کی ایک مشہور تاریخی عمارت ہے۔ ہندوستان کے لیے یہ قلعہ مغل سلطنت کا ارمغان ہے۔ یہ قلعہ لال رنگ والے پتھروں سے بنایا گیا ہے۔اس کے اندر دو اہم عمارتیں ہیں؛ ایک کا نام دیوانِ خاص اور دوسرے کا دیوانِ عام۔لال قلعے کے اندر ایک خوب صورت مسجد بھی ہے۔اس کا نام موتی مسجد ہے۔لال قلعہ بہت خوب صورت ہے۔ یہ قلعہ دہلی میں واقع ہے۔..........

16. بیٹی : ابّا جان! اتنے سال آپ کہاں تھے؟

رحمت : بیٹی، میں ہندوستان میں تھا۔

بیٹی : پھر کیوں آپ ہر چھے مہینے میں یہاں نہیں آئے؟

رحمت : میں پچھلے سات سال سے ایک بڑی مصیبت کا سامنا کر رہا تھا بیٹی۔

بیٹی : آپ پر کیا مصیبت پڑی تھی؟

رحمت : میں قید خانے میں بند تھا۔

بیٹی : کون سی گناہ پر؟

رحمت : ایک چپراسی سے جھگڑا ہوا اور میں نے اسی پر چھری ماری۔ وہ زخمی ہو گیا۔

بیٹی : کیوں جھگڑا ہو گیا؟

رحمت : اس نے میرا پیسہ دینے پر انکار کر دیا تھا۔

بیٹی : ٹھیک ہے ابّا جان، اب آپ ہندوستان نہیں جائیں۔میرے پاس ہی رہیں۔

رحمت : ٹھیک ہے بیٹی، اب سے میں آرام کروں گا۔

17. a) اس کا شاعر سد رشن فاخر ہے۔

b) بچپن کا زمانہ بہت خوب صورت ہے۔ کیوں کہ بچپن میں سب کا پیار ملتا ہے۔کھیلنے کے لیے کئی طرح کے کھلونے اور اچھے اچھے کھانے ملتے ہیں۔بچپن دنیا کے غموں سے آزاد ہے۔............

18. a) مچھیرا اور بادشاہ سلامت ڈراما 'عقلمند مچھیرا' کے دو اہم کردار ہیں۔

b) یہ ڈراما بہت خوب صورت ہے۔ مچھیرا اس ڈرامے کا بہت اہم کردار ہے۔اس میں رشوت، استحصال جیسی سماجی بُرائیوں کے خلاف آواز اُٹھا رہی ہے۔ اس کا اہم کردار مچھیرا ایک بڑا عقلمند آدمی ہے۔ یہ ڈراما بڑا فکر انگیز بھی ہے۔............

19. کنور

۳۱/جنوری ۲۰۲۰ء

پیارے ابّا جان، آداب!

امید ہے کہ آپ اور احباب خیریت سے ہوں گے۔ یہاں ہم سب خوش ہیں۔ کل ہم دلّی سے واپس پہنچے ہیں۔ دراصل دلّی ایک الگ ہی دنیا ہے۔ وہاں کے نظارے بالکل خوشنما ہیں۔ ہم نے جمہوریہ کی پریڈ میں خوب پیش کش کی۔ ہم نے وہاں تاج محل، لال قلعہ، قطب مینار، پالیمینٹ ہاؤس وغیرہ تاریخی مقامات کا دورہ کیا۔ اگلی بار آپ گھر پہنچے تو ہم گھر والوں کو دلّی کا سفر ضرور کرنا چاہیے۔

آپ کا پیارا بیٹا

نہال احمد

20. ہمارے دیس کے گاؤں میں اکثر لوگ کسان ہیں۔ ان کی محنت سے ہم لوگ بھوک مٹا سکتے ہیں۔ کھیتوں کی ان کی محنت کا پھل دوسرے ملکوں میں لے جانے سے ہمارے ملک کی مالی حالات کو فائدہ ملتا ہے۔ لیکن آج کل کسان لوگ بہت سارے مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ سخت بارش اور کڑی دھوپ ایک مسئلہ ہے۔ پیداوار کی قیمت میں کمی اور مزدوروں کی اُجرت میں بڑھاؤ بہت بڑا مسئلہ ہے۔.......................

21. علی سردار جعفری اردو کے بہت مشہور ادیب تھے۔ وہ ترقی پسند شاعر، نقاد اور دانشور بھی تھے۔ نئی دنیا کو سلام، ایک خواب اور، پتھر کی دیوار، لہو پکارتا ہے وغیرہ ان کے اہم شعری مجموعے ہیں۔ ۱۹۹۷ء میں ان کو گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازے گئے۔ ان کی پیدائش ۱۹۱۳ء کو اتر پردیس کے بلرام پور میں ہوئی۔ ان کا انتقال ۲۰۰۰ء کو ممبئی میں ہوا۔

☆☆☆